جس کے ہاں بیٹا ہو، بیٹی نہ ہو، کیا اس کے گھر کا کھانا حرام ہوتا ہے؟

مجیب: مولانا محمد ماجد علی مدنی

فتوی نمبر: WAT-2810

تاریخ اجراء: 07 ذوالحجۃ الحرام 1445ھ / 14 جون 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

میں کراچی کا رہنے والا ہوں، یہاں کافی لوگ کہتے ہیں کہ جن کے ہاں بیٹا ہو اور بیٹی نہ ہو تو ان کے گھر کا کھانا حرام ہے، کیا یہ درست ہے؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

ان لوگوں کا ایسا کہنا درست نہیں ہے کیونکہ جب تک قرآن و حدیث سے کسی چیز کی حرمت ثابت نہ ہو تو اس وقت تک کسی چیز کو بلا وجہ حرام نہیں کہہ سکتے۔

قرآن مجید میں اللہ تعالی نے ارشاد فرمایا: وَ لَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ اَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هٰذَا حَلٰلٌ وَّ هٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ اِنَّ الَّذِیْنَ یَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا یُفْلِحُوْنَ (۱۱۶) ترجمہ کنزالایمان: اور نہ کہو اسے جو تمہاری زبانیں جھوٹ بیان کرتی ہیں یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے کہ اللہ پر جھوٹ باندھو، بے شک جو اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں ان کا بھلا نہ ہوگا۔ (پارہ 14، سورۃ النحل، آیت 116)

اس آیت کے تحت تفسیر صراط الجنان میں ہے: "زمانہ جاہلیت کے لوگ اپنی طرف سے بعض چیزوں کو حلال، بعض چیزوں کو حرام کر لیا کرتے تھے اور اس کی نسبت اللہ تعالی کی طرف کر دیا کرتے تھے، اس آیت میں اس کی ممانعت فرمائی گئی اور اس کو اللہ تعالی پر افتراء فرمایا گیا اور افتراء کرنے والوں کے بارے میں فرمایا گیا کہ بیشک جو اللہ تعالی پر جھوٹ باندھتے ہیں وہ کامیاب نہ ہوں گے آج کل بھی لوگ اپنی طرف سے حلال چیزوں کو حرام بتا دیتے ہیں جیسے میلاد شریف کی شیرینی، فاتحہ، گیارہویں، عرس وغیرہ ایصالِ ثواب کی چیزیں جن کی حرمت شریعت میں وارد

نہیں ہوئی انہیں اس آیت کے حکم سے ڈرنا چاہیے کہ ایسی چیزوں کی نسبت یہ کہہ دینا کہ یہ شرعاً حرام ہیں، اللہ تعالی پر افتراء کرنا ہے۔" (تفسیر صراط الجنان، جلد05، صفحہ397، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

فتاوی رضویہ میں ہے: "حرام وہ ہے جسے خدا اور رسول نے حرام فرمایا اور واجب وہ ہے جسے خدا اور رسول نے واجب کہا، حکم دیا لیکن وہ چیزیں جن کا خدا اور رسول نے نہ حکم دیا نہ منع کیا وہ سب جائز ہیں انہیں حرام کہنے والا خدا اور رسول پر افتراء کرتا ہے۔" (فتاوی رضویہ، جلد09، صفحہ136، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net